**Task - 1**

# حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی شان مبارک

(۱) دی گئی آیات کو بمعہ ترجمہ پڑھیے۔

(i) اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿۵۶﴾

(سُوْرَۃُ الْاَحْزَاب)

بے شک اللہ اور اُس کے فرشتے نبی (کریم خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ) پر دُرُود بھیجتے ہیں
اے ایمان والو! تم بھی اُن پر دُرُود بھیجو اور خوب سلام بھیجو۔

(i) قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّ كِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ (سُوْرَۃُ الْمَآئِدَۃِ)

یقیناً اللہ کی طرف سے تمھارے پاس آیا نُور اور روشن کتاب۔

(iii) مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ۚ ﴿۸۰﴾ (سُوْرَۃُ النِّسَآءِ)

جس نے رسول (خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ) کی اطاعت کی تو یقیناً اُس نے اللہ کی اطاعت کی۔

(iv) لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ ﴿۱۶۴﴾ (سُوْرَۃُ اٰلِ عِمْرَان)

یقیناً اللہ نے مومنوں پر بڑا احسان فرمایا جب اُس نے اُنھی میں سے ایک (عظمت والا)
رسول (خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ) بھیجا۔

(۲) جوابات لکھیے۔

(i) سُوْرَۃُ النِّسَآءِ میں رسول خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی اطاعت کے بارے میں کیا کہا گیا ہے؟

جس نے رسول (خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم) کی اطاعت کی تو یقیناً اُس نے اُس کی اطاعت کی

(ii) سُوْرَۃُ الْاَحْزَاب کی آیت 56 میں آپ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ پر درود و سلام کے بارے میں کیا حکم دیا گیا ہے؟

اس آیت میں کہا گیا ہے کہ فرشتے نبی ؐ پر درود بھیجتے ہیں اسی لئے مسلمانوں کو بھی آپ ؐ پر درود و سلام بھیجنا چاہیے۔

(iii) سُوْرَۃُ الْمَآئِدَۃِ کی آیت 15 میں کس کتاب کا ذکر کیا گیا ہے؟

سورۃ المائدہ میں نور اور روشن کتاب قرآن پاک کو کہا گیا ہے

(iv) سُوْرَۃُ اٰلِ عِمْرَان کی آیت 164 میں نعمتِ عظمیٰ کا ذکر کیسے کیا گیا ہے؟

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد ؐ کے بارے ذکر کیا ہے اور کہا ہے کہ ہم نے ایک عظمت والا رسول ؐ بھیجا۔

(۳) حضور خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی کوئی سی پانچ خصوصیات کے بارے میں گفت گو کیجیے۔